## برطانیہ کے ڈپٹی ہائی کمشنر فرانسز کیمبل کی لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات
## پاکستان کی موجودہ مجموعی صورتحال، بین الاقوامی اموراور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات کے بارے میں تفصیلی تبادلہء خیال
## ملاقات لندن میں واقع ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ہوئی جوڈھائی گھنٹے تک جاری رہی

لندن:۔۔۔02 مئی 2012ء

کراچی میں متعین برطانیہ کے ڈپٹی ہائی کمشنر فرانسز کیمبل نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے لندن میں خیرسگالی ملاقات کی ۔ ملاقات لندن میں واقع ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ہوئی۔ جناب الطاف حسین اور برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر فرانسز کیمبل کے درمیان ہونے والی یہ ملاقات ڈھائی گھنٹے تک جاری رہی جس میں پاکستان کی موجودہ مجموعی صورتحال، بین الاقوامی اموراور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات کے بارے میں تفصیلی تبادلہء خیال کیا گیا۔ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق جاوید، سلیم شہزاد، آصف صدیقی، واسع جلیل، مصطفٰے عزیزآبادی اور قاسم علی رضا بھی موجود تھے۔

## رفیق انجینئر کے قدیم گھر کونذرآتش کرنالیاری کے قدیم تاریخی ورثے کا نقصان ہے، الطاف حسین
## رفیق انجینئر کے گھر کونذرآتش کرنے والے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے سخت سزادی جائے، الطاف حسین
## لیاری کے مظلوم عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ ایم کیوایم انکے ساتھ ہے، الطاف حسین
## آپ نے کراچی خصوصاًلیاری میں امن کیلئے مؤثر آوازاٹھائی ہے، رفیق انجینئر
## دہشت گردی کی کارروائیاں ہمارے حوصلہ پست نہیں کرسکتیں، رفیق انجینئر
## پیپلزپارٹی کے صوبائی وزیر رفیق انجینئر سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔2مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لیاری میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے پیپلزپارٹی کے صوبائی وزیر رفیق انجینئر کی قدیم رہائش گاہ کو نذرآتش کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس افسوسناک عمل کو لیاری کے قدیم ترین تاریخی ورثہ کا نقصان قرار دیا ہے۔صوبائی وزیر رفیق انجینئر سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے انکی رہائش گاہ کو نذرآتش کرنے کے عمل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اورغم کی اس گھڑی میں اور میرے ساتھی آپ، آپ کے اہل خانہ اور پیپلزپارٹی کے تمام سچے کارکنوں کے ساتھ ہیں۔انہوں نے کہا کہ رفیق انجینئر اپنے اہل خانہ کے ساتھ مذکورہ گھر میں 1876ء سے رہائش پذیر ہیں اور مسلح دہشت گردوں نے رفیق انجینئر کے قدیم گھر کو نہیں بلکہ لیاری کے قدیم ترین تاریخی ورثے کو نقصان پہنچایا ہے۔ جناب الطاف حسین نے رفیق انجینئر سے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن میں غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تمام سیاسی ورکروں کی دل سے قدر کرتا ہوں اور لیاری کے مظلوم عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ ایم کیوایم انکے ساتھ ہے اوران کے مسائل کے حل کیلئے ہرممکن کردارادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ لیاری میں دہشت گردی کے باعث پیپلزپارٹی کے مخلص کارکنان اپنا گھربارچھوڑ کر دربدری کی زندگی گزار رہے ہیں اور میں ان کا دکھ اچھی طرح سمجھ سکتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں رہنے والے عوام خواہ کسی بھی قومیت سے تعلق رکھتے ہوں وہ آپس میں پیار ومحبت سے رہتے ہیں اوران کے درمیان کبھی کوئی جھگڑا نہیں تھا لیکن لیاری گینگ وار کے جرائم پیشہ دہشت گردوں نے رمضان المبارک میں اردو بولنے والے نوجوانوں کو اغواء کرکے ذبح کیا، ان کی لاشوں کے ٹکڑے کرکے کراچی میں نفرتیں پھیلانے کی سازش کی۔انہی جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے لیاری کے غریب عوام کو یرغمال بنایا جارہا ہے اور غریب عوام کی جان ومال سے کھیلا جارہا ہے، اس عمل سے لیاری میں شہید بھٹو اور بی بی شہید کے سچے اور اصل وارثوں کو یہ احساس ضرور ہوگیا ہوگا کہ کون لیاری کے عوام سے سچی محبت کرتا ہے اور کون لیاری کے عوام کے سکون اور جان ومال کا دشمن ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ صوبائی وزیر رفیق انجینئر کی قدیم رہائش گاہ کو نذرآتش کرنے والے دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے، رفیق انجینئر کی تاریخی رہائش گاہ کی تعمیر کیلئے فی الفور معاوضہ کا اعلان کیا جائے اور لیاری کے متاثرین کی ہرممکن امداد کی جائے۔صوبائی وزیر رفیق انجینئر نے جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے لیاری کے غریب عوام کی جان ومال کے تحفظ اور دکھ کی اس گھڑی میں جس طرح ہماری دلجوئی کی ہے اس سے مجھے اور

میرے خاندان کو بہت حوصلہ ملا ہے۔آپ غریبوں کے ہمدرد ہیں اورایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقہ کے افرادکواسمبلیوں میں پہنچنے کا موقع فراہم کیا ہے جس پر میں دل کی گہرائی سے آپ کوسیلوٹ کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ آپ نے کراچی خصوصاً لیاری میں امن کیلئے مؤثر آواز اٹھائی ہے اوراس نیک کام میں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔دہشت گردی کی کارروائیاں ہمارے حوصلہ پست نہیں کرسکتیں اورہم ہمت وجرات کے ساتھ دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے۔

## (Ms Erentraud Homber) کی سربراہی میں جرمن صحافیوں کا ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ المعروف نائن زیروعزیز آباد کا دورہ،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## ملاقات میں ملک کی سیاسی،معاشی،سماجی اوراقتصادی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگرامور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی:۔۔۔۔02مئی،2012ء

(Ms Erentraud Homber) کی سربراہی میں جرمن صحافیوں (DPV) کے وفد نے گزشتہ روزایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ المعروف نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ڈپٹی کنوینرمحترمہ نسرین جلیل سے ملاقات ۔جرمن صحافیوں کے وفد میں (Mr.Manfred Hettiage)، (Mr.Ron Giger)،(Mr. Kurt Seinitz)اور(Mr.Haq-ul-Qudoos Shams) شامل تھے۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی کنورخالد یونس سینیٹر مصطفیٰ کمال ،حق پرست صوبائی وزراءمحترمہ نادیہ گبول اورخالد بن ولایت بھی موجود تھے۔ملاقات میں ملک کی سیاسی، معاشی،سماجی اوراقتصادی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگرامور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔قبل ازیں جرمن صحافیوں کے وفد نے نذیرحسین اسپتال کا دورہ کیا اوروہاں پر مریضوں کوفراہم کی جانیوالی طبی سہولیات کا معائنہ بھی کیا۔وفد نے سن اکیڈمی نے کا بھی دورہ کیا اوراساتذہ کرام ،طلبہ وطالبات سے ملاقات کی۔قبل ازیں جب جرمن صحافیوں کاوفدکی نائن زیروپہنچا تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے انہیں خوش آمدید کہا۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ڈپٹی کنوینرمحترمہ نسرین جلیل واراکین رابطہ کمیٹی نے جرمن صحافیوں کے دفد کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی زندگی اور جدوجہد پر مبنی کتابیں (My Life's Journey & Pictorial Biography of Altaf Hussain) پیش کیں۔

## ایم کیوایم لائنزایریا سیکٹر کے سینئر کارکن محمد ناصر قریشی کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔02مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لائنزایریا سیکٹر یونٹ 53 کے سینئر کارکن محمد ناصر قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مرحوم کا شمارتحریک کے سینئر کارکن میں ہوتا تھا ،مرحوم نے مشکل وکٹھن حالات میں تحریک کے مشن ومقصد کےحصول کیلئے اپنی خدمات احسن طریقے سے انجام دیں،مرحوم کے انتقال پر مجھ سمیت تحریک کا ایک ایک کارکن غمزدہ ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## عوام وکارکنان معروف اداکاراکبرخان کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے دعائیں کریں،جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔۔02مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف اداکاراکبرخان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے خواتین، ماؤں، بہنوں، بزرگوں،نوجوانوں اورکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ اکبرخان کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم ملک سے جاگیردارانہ دارانہ، وڈیرانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب ومحکوم عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے،حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم

## سالوں سے رائج فرسودہ نظام نے پاکستان کوتباہی کے دہانے پرلاکھڑا کردیاہے جس کے باعث آج ملک ترقی وخوشحالی سے محروم ہے

## صوبہ خیبرپختونخواڈیرہ اسماعیل خان زون کے دورے کے موقع پر زونل کمیٹی کے اراکین، ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو

## ایڈیٹرکونسل کےصدر چوہدری اصغرکی دیگر کے ہمراہ حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم سے ڈیرہ اسماعیل خان زونل آفس میں ملاقات

## علمائے کرام کے وفدکی بھی صاحبزادہ عابدفاروقی کی قیادت میں حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم سے زونل آفس میں ملاقات

## ملک بھر میں امن وامان کے قیام اور مذہبی رواداری کیلئے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی کوشیش قابل ستائش ہیں،علمائے کرام

ڈیرہ اسماعیل خان:۔۔۔۔02 مئی،2012ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم نے کہاہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کی نمائندہ جماعت ہے جوملک سے جاگیر دارانہ دارانہ، وڈیرانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب ومحکوم عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے، گزشتہ 65 سالوں سے رائج فرسودہ نظام نے پاکستان کوتباہی کے دہانے پرلاکھڑا کردیا ہے جسکے باعث آج ملک ترقی وخوشحالی سے محروم ہے۔اان خیالات کا اظہارانہوں نے گزشتہ روزصوبہ خیبرپختونخواڈیرہ اسماعیل خان زون کے دورے کے موقع پرزونل کمیٹی کے اراکین، ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن ریافت اقبال جدون بھی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کرنے کیلئے ہمیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیراہونا پڑے گا جب کہیں جاکرملک کے نظام میں تبدیلی لائی جاسکتی ہے، نظام کی تبدیلی سے ہی پاکستان میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب آسکتا ہے جس کے لئے ضروری ہے تمام ذمہ داران وکارکنان سے دن رات محنت ولگن سے جدوجہد کریں اورتحریک کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنامثبت کردارادا کریں۔دریں اثناءایڈیٹرکونسل کےصدر چوہدری اصغرنے دیگر کے ہمراہ حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم سے زونل آفس میں ملاقا ت کی اور ملک کی صورتحال پرسیاسی،سماجی،معاشی صورتحال پرتفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔علاوہ ازیں علمائے کرام کے وفد نے صاحبزادہ عابدفاروقی کی قیادت میں حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم سے زونل آفس میں ملاقات کی۔اس موقع پرایم کیوایم ڈیرہ اسماعیل خان زون کے انچارج وزونل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں وفد سے صاحبزادہ عابدفاروقی نے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ ملک بھرمیں ایم کیوایم فرقہ واریت کے خاتمے اوراتحادبین المسلمین کےفروغ کیلئے اپنامثبت کردارادا کررہی ہے تاکہ ملک سے تمام مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان نفرتوں کوختم کیا جائے اوران میں اتحادواتفاق کی فضاء کوپروان چڑھایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھرمیں امن وامان کے قیام اور مذہبی رواداری کیلئے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی کوشیش قابل ستائش ہیں۔اس موقع پروفد سے گفتگوکرتے ہوئے عبدالوسیم نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھرمیں تمام مذہبی جماعتوں کے درمیان باہمی اتحادویکجہتی کوفروغ دینا چاہتی ہے تاکہ ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ ممکن ہوسکےاورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کوبرقراررکھا جاسکے۔عبدالوسیم نے وفد کی زون آفس پرآمدپران کاشکریہ ادا کیا۔علاوہ ازیں حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم ن ڈیرہ اسماعیل خان پریس کلب کا دورہ کیااورصدر پریس کلب احمدخان کامرانی سے ملاقات کی۔

## ایم کیوایم کےسوگوارکارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِتعزیت

کراچی:۔۔۔۔02 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نیایم کیوایم لائنزایریاسیکٹریونٹ 53 کے سینئرکارکن محمدناصرقریشی،ایم کیوایم ناظم آبادگلبہارسیکٹریونٹ 167 کے کارکن محمدکامران حنیف کے والد محمدحنیف،ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹریونٹ 131 کے کارکن فہیم شکور کے والدعبدالشکور،ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 72 کے کارکن محمدجاوید کے والدمحمداسماعیل اورایم کیوایم پاک کالونی سیکٹریونٹ 191 کے جوائنٹ انچارج محمدسراج کے والداللہ بخش کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## عوام کوظلم اور جبر سے غلام رکھنے کے دور چلے گئے، رائے خالد محمود
## جاگیرداراور وڈیرے کان کھول کرسن لیں کہ عوام سے زیادتی کسی صورت برداشت نہیں جائے گی
## اگر کسی مظلوم کی زمین پر ناجائز قبضہ کرایا گیا یا اس کے خلاف ناجائز مقدمہ درج کرایا گیا تو عوام کے ساتھ ملکر اس کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا
## زونل انچارج ملتان زون کی موسیٰ پاک شہید ٹاؤن کے ذمہ داران سے گفتگو

ملتان۔۔۔02اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود نے موسیٰ پاک شہید ٹاؤن کے ذمہ داران سے ٹاؤن آفس دہلی گیٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب کی پسماندگی اور عوام کی بدحالی میں خود کو عوام کی نمائندہ جماعتیں کہلانے والی پارٹیوں میں بیٹھے بڑے بڑے جاگیرداراور وڈیروں کا بڑا ہاتھ ہے جنہوں نے صرف اور صرف اپنے اقتدار کو طویل کرنے کی لالچ میں تخت لاہور کی غلامی کی ہے اور عوام کو اپنا غلام بنا کر رکھا ہے۔ جنوبی پنجاب کے عوام جاگیرداروں اور وڈیروں کے مظالم سے تنگ آچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کوظلم اور جبر سے غلام رکھنے کے دور چلے گئے جاگیردار وڈیرے کان کھول کرسن لیں عوام سے زیادتی برداشت نہیں جائے گی۔اب اگر کسی مظلوم کی زمین پر ناجائز قبضہ کرایا گیا یا اس کے خلاف ناجائز مقدمہ درج کرایا گیا تو عوام کے ساتھ ملکر اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عوام جاگ اٹھے ہیں اور اپنے حقوق کے لئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ومنظّم ہورہے ہیں، اور عوام کی آواز کو اب کسی صورت بھی دبایا نہیں جاسکتا۔اس موقع پر موسیٰ پاک ٹاؤن انچارج ڈاکٹر رفیع انصاری، جوائنٹ انچارجز رمضان بھٹہ، محمد یحییٰ، میاں ستار، راؤ وسیم ڈاکٹر عبداللہ وارا کین موجود تھے۔

## قائد تحریک الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے خلاف جدوجہد کا آغاز کیا، عارف مہاجر

میرپورخاص۔۔۔۔2مئی،2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکرو فلسفہ غریب اور مظلوم عوام کے دلوں میں گھر کر چکا ہے۔ان خیالات کا اظہار میرپورخاص زون کے جوائنٹ انچارج عارف مہاجر نے یوسی دولت پور میں کارکنان اور ہمدردوں کے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ انسان اشرف المخلوقات ہے اور اللہ تعالیٰ نے انسان کو شعور کی دولت سے نواز ہے جسکی وجہ سے ہرانسان کا یہ بنیادی حق ہے کہ وہ عزت واحترم کے ساتھ زندگی گزارے لیکن ان جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں نے جس طرح انسانیت کی تزلیل کی ہے یہ انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ ہے۔قائد تحریک الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے خلاف جدوجہد کا آغاز کیا اور اس جدوجہد کی راہ میں بے پناہ قربانیاں دیں۔انہوں نے اس موقع پر موجود بزرگوں اور نوجوانوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر ہم خواہش مند ہیں کہ ہم اور ہماری آنے والی نسلیں ایک باعزت زندگی گزاریں تو ہمیں جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے آگے سینہ تان کے کھڑا ہونا ہوگا اور قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ پر عمل کرتے ہوئے متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے ایماندار اور تعلیم یافتہ نوجوان کو ووٹ دے کر ایوانوں میں پہنچانا ہوگا۔اس موقع پر اراکین ذونل کمیٹی اعجاز احمد، شاہد عباسی اور نور محمد جدگال بھی انکے ہمراہ تھے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں پورے پاکستان کے مظلوم ومحکوم طبقہ کو اکٹھا کررہے ہیں
## جس میں خصوصا پنجاب کے لوگ بہت تیزی سے ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں، چوہدری ارشادالحق

لاہور۔۔۔۔2مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ڈسٹرکٹ لاہور کے انچارج چوہدری ارشادالحق نے گیرین ٹاؤن میں ایک عظیم الشان جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جناب قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں گزشتہ 64 سالوں سے رائج کرپٹ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی عملی جدوجہد کررہے ہیں تاکہ ملک کے غریب ومحکوم عوام کو بنیادی حقوق میسر آسکیں۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ لاہور کے جوائنٹ انچارج عبدالشکور بٹ، اشفاق اولکھ جٹ واراکین کمیٹی اور ممبر وقار مراد، عامر بلوچ۔ذوالفقار علی نشتر ٹاؤن کے انچارج نعمان بھی موجود تھے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین مزدوروں کے حقوق کے سب سے بڑے علمبر دار ہیں
## انشاءاللہ دن دور نہیں جب ملک میں مزدور کو اسکی محنت کے مطابق اجرت ملے گی،
## لیبر ڈویژن میر پور خاص کے انچارج جمیل احمد خان کی یکم مئی ریلی سے خطاب

میر پور خاص۔۔۔۔2 مئی، 2012ء

کسی بھی ملک کی معیشت کی ترقی میں مزدور ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرتے ہیں، یہ بات لیبر ڈویژن میر پور خاص کے انچارج جمیل احمد خان نے یوم مئی کے حوالے سے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن میر پور خاص زون کے تحت یکم مئی کو شکاگو کے مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرنے کی ایک عظیم الشان ریلی کے انعقاد کے موقع پر ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ بعدازاں ریلی کے شرکاء نے دنیا بھر کے محنت کش اور مزدوروں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے مزدوروں اور محنت کشوں کے حقوق کیلئے فلک شگاف نعرے لگوئے، اس موقع پر مختلف مزدور یونینز کے کارکنان نے لیبر ڈویژن کے ذمہ داران پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ اس موقع پر زونل ممبر و سابق ڈسٹرکٹ نائب ناظم ڈاکٹر ظفر کمالی اور لیبر ڈویژن میر پور خاص کے انچارج جمیل احمد خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین مزدوروں کے حقوق کے سب سے بڑے علمبر دار ہیں جنہوں نے اپنی ساری زندگی غریب اور مزدور طبقات کے حقوق کی بحالی کے لئے کوششوں میں صرف کردی اور انشاءاللہ دن دور نہیں جب ملک میں مزدور کو اسکی محنت کے مطابق اجرت ملے گی انہوں نے تمام کارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ کو ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہر اور گاؤں دیہات کے مزدوروں اور محنت کشوں تک پہنچانے میں اپنی تمام صلاحیتیں صرف کریں تاکہ ملک میں رائج بوسیدہ اور ظالمانہ نظام کا خاتمہ ہو اور ملک و قوم خوشحالی اور ترقی کی شاہراہ پر سفر کرسکیں۔

## قائد تحریک الطاف حسین کے چاہنے والے پاکستان کے کونے کونے میں موجود ہیں، محمد حسین
## عوام کو اگر اپنی قسمت بدلنی ہے تو قائد تحریک کے فکر و فلسفہ کو اپنانا ہوگا، قائداعظم محمد علی جناح کے پاکستان کو بچانے کیلئے
## حق پرستوں کا ساتھ دیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں، شبیر احمد قائمخانی
## متحدہ قومی موومنٹ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ و ڈسٹرکٹ نارووال کے مشترکہ جنرل ورکرز اجلاس سے اظہار خیال

لاہور۔۔۔۔2 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سیالکوٹ و نارووال ڈسٹرکٹس کا مشترکہ جنرل ورکرز اجلاس سیالکوٹ ڈسٹرکٹ آفس میں منعقد کیا گیا۔ اجلاس سے صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے انچارج محمد حسین، جوائنٹ انچارج شبیر احمد قائم خانی، گجرانوالہ زون کے انچارج عبدالکریم ٹوکے خان اور ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کے انچارج چوہدری عابد گجر نے خطاب کیا۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محمد حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے 98 فیصد غریب اور مظلوم عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کی اور پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتوں کو انکا حق دلوانے کیلئے عملی مظاہرہ کیا یہی وجہ ہے کہ آج پاکستان کے چاروں صوبوں کے غریب عوام جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ہورہے ہیں۔ اس موقع پر شبیر احمد قائم خانی نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان میں انقلاب لانے کیلئے کوشاں ہے تاکہ ہر ایک کے ساتھ انصاف و عدل ہو اور کسی کے ساتھ کوئی ناانصافی نہ ہوسکے اس لئے ایم کیو ایم کے کارکنان و ذمہ داران نظم وضبط کی سختی سے پابندی کرتے ہوئے دکھی انسانیت کی خدمت کو شعار بنالیں اور معاشرے میں ہر چھوٹے بڑے غریب و مظلوم عوام کا احترام کریں اور اپنے علم و کردار سے یہ ثابت کردیں کہ ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان جناب الطاف حسین کے بتائے ہوئے فکر و فلسفہ کو اپنی زندگیوں پر نافذ کرکے انقلاب کی راہ ہموار کررہے ہیں۔ اس موقع پر ڈسکہ، سمبڑیال، پسرور اور شکرگڑھ تحصیل کے ذمہ داران و کارکنان کی بڑی تعداد جنرل ورکرز اجلاس میں شریک تھی۔

☆☆☆☆☆